| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی انیسواں ہفتہ | موضوع: | اعادہ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف تہجی کی دہرائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اُردو وہ کے نظم سنائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف تہجی پہچاننے، پڑھنے اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم حروف تہجی پڑھنا اور لکھنا سیکھ چکے ہیں۔آج ہم حروف تہجی کی دہرائی کریں گے۔ان کی درست بناوٹ کے ساتھ لکھائی کریں گے۔ بچوں سے حروف کے خاندان کے بارے میں پوچھا جائے گا۔مثال کے طور پر ب کے خاندان میں کتنے حروف ہیں؟ ب،پ،ت،ٹ،ث وغیرہ۔ | 10 منٹ | حروف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ ہر بچے کو ایک حرف فلیش کارڈ دیں گی۔ بچے اپنا فلیش کارڈ الٹا رکھیں گے جب تک معلمہ اُسے سیدھا کرنے کو نہ کہیں۔اب معلمہ کسی بھی بچے کا نام پکاریں گی وہ بچہ/ بچی تختہ سفید/ سیاہ پر آ کر اپنا حرف اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں سے ایک کا نام لکھے گا۔<br>بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔کاپی پر ا تا ے حروف تہجی درست بناوٹ سے لکھنے کو کہا جائے گا۔صاف اور عمدہ لکھائی کرنے پر بچوں کو شاباش دی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 2<br>کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>حرف فلیش کارڈ دکھا کر اس کا نام اور آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 2 کیجیے۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | کے.جی انیسواں ہفتہ | **موضوع:** | اعادہ | **دن:** | دوسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حروف کی چھوٹی اشکال کی دہرائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف فلیش کارڈ دکھا کر ان کا تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف کی چھوٹی اشکال بھی ہوتی ہیں معلمہ تمام چھوٹی اشکال بورڈ پر لکھ کر بلند خوانی کروائی گی۔ بچوں سے شرارتی نو کے بارے میں پوچھا جائے گا اور کن حروف کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو دے کر حروف کی آدھی شکل بنوانے کی سرگرمی کروائی جائے گی۔ بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔کاپی پر حروف کی آدھی اشکال کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بورڈ پر حروف لکھ کر بچوں سے ان کی آدھی شکل کا کارڈ چسپاں کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں شرارتی نو لکھیے۔ | 5منٹ<br><br>10منٹ<br><br>20منٹ<br><br>5منٹ | آدھی شکل فلیش کارڈ<br><br>پلے ڈو<br><br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف کی چھوٹی اشکال کی لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی انیسواں ہفتہ | موضوع: | اعادہ | دن: | تیسرا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف تہجی میں نقطوں اور بغیر نقطوں والے حروف پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کن حروف کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا نقطوں اور بغیر نقطوں والے حروف کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ان حروف کی دہرائی کریں گے جن کے اوپر نقطے ہوتے ہیں اور جو نقطوں کے بغیر ہوتے ہیں۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر ب پ ت ث ج چ خ ذ ز ژ ش ض ظ غ ف ق ن لکھے گی اور بچوں کو باری باری ہر حرف کے بارے میں بتایا جائے گا کہ ب کے نیچے ایک نقطہ آتا ہے۔ پ کے نیچے تین بغیر نقطوں والے الفاظ بھی بورڈ پر لکھ کر بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | کالا چارٹ پیپر<br>قینچی<br>کاپی ورک<br>کتاب صفحہ<br>3 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کالے چارٹ پیپر سے تھوڑے بڑے سائز کے دائرے کاٹ لیے جائیں گے۔ معلمہ بڑا ساح تختہ سفید/ سیاہ پر لکھے گی اور کسی بھی بچے کو بُلا کر کہے گی بتائے گی کہ یہ ج ہے۔ اس کا نقطہ کہاں ہوتا ہے؟ اس میں کتنے نقطے ہوتے ہیں؟ بچہ/ بچی دائرے چسپاں کر کے بتائے گا کہ ج کے پیٹ میں ایک نقطہ آتا ہے۔ کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ کاپی پر بغیر نقطوں والے حروف کی لکھائی کروائی جائے گی۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>حروف کی لکھائی ہوا میں کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 3 کیجیے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی انیسواں ہفتہ | موضوع: | اعادہ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ پھلوں اور سبزیوں کے ناموں کی دہرائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے نقطوں والے اور بغیر نقطوں والے حروف پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا سبزیوں اور پھلوں کے ناموں کی لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آپ پھلوں اور سبزیوں کے نام سیکھ چکے ہیں۔ آج ہم ان کی دہرائی کریں گے۔ معلمہ سیب کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھے گی کیا یہ پھل ہے یا سبزی؟ اس کا کیا نام ہے؟ پھر گاجر کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ سبزی ہے یا پھل گاجر کے توڑ بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | پھلوں کے تصاویر اور الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو ٹوکریاں دی جائیں گی۔ ایک ٹوکری میں پھلوں اور سبزیوں کے الفاظ فلیش کارڈ اور دوسری میں پھلوں اور سبزیوں کے الفاظ فلیش کارڈ رکھے جائیں گے۔ بچے باری باری ایک تصویر اٹھا کر اس کا نام بتائیں گے اور اس کا لفظ فلیش کارڈ کو تلاش کریں گے۔ بچوں سے کاپی میں پھلوں اور سبزیوں کے نام لکھوائے جائیں گے۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ان کے پسندیدہ پھل اور سبزی کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی انیسواں ہفتہ | موضوع: | اعادہ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔الفاظ کو حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق درست لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>پھلوں اور سبزیوں کے نام پوچھے جائیں گے۔پھلوں اور سبزیوں سے متعلق کوئی ویڈیو دکھائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر غلط ترتیب سے حروف تہجی لکھے گی اور بچوں سے درست ترتیب بتانے کو کہے گی۔اس کے بعد معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر گائے،روٹی،شوخی،چائے کے الفاظ لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ الفاظ حروف تہجی کی ترتیب سے نہیں ہیں آیئے<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ پانچ کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا ہر گروپ کو مختلف الفاظ فلیش کارڈ دے کر ان کو حروف تہجی کی ترتیب سے رکھنے کو کہا جائے گا۔معلمہ ہر گروپ کے پاس جا کر ان کے الفاظ کی ترتیب دیکھے گی۔بچوں سے الفاظ کی پڑھائی کروائے گی۔بچوں سے کتاب صفحہ 4 کھولنے کو کہا جائے گا۔تمام الفاظ کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔الفاظ کو حروف تہجی کے مطابق نیچے لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>روٹی،صابن،تولا،جالی،باز والفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | مختلف الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 4 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ کو حروف تہجی کی درست ترتیب سے لکھنے پر۔ |